Education - FA Part 1 Education Urdu Medium Chapter 2 Short Questions Preparation

Q1. اعلیٰ تعلیم کسے کہتے ہیں؟

Ans 1: تیرھویں جماعت سے لے کر سولہویں جماعت تک کی تعلیم اعلیٰ تعلیم کہلاتی ہے.

Q2. زراعت کی تعلیم سے کیامراد ہے؟

Ans 1: پاکستان ایک زرعی ملک ہے اسے زرعی لحاظ سے خود کفیل ہونا ہے.جس کے لیے زیادہ سے زیادہ رقبہ کاشت کرنا ضروری ہے.نیز برھتی ہوئی آبادی کی معاشی ضروریات سے عہدہ بر ہونے کے لیےاس میدان میں ترقی کی انتہائی ضروری ہے.پاکستان کے تمام صوبوں میں زرعی یونیورسٹیاں موجود ہیں جہاں زرعی تعلیم دی جاتی ہے.

Q3. رضائے الٰہی کے حصول سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تعلیم کا مقصد اللہ کی رضا کا حصول ہے،تمام اعمال صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے ہونے چاہئیں.اخلاص نیت کے ساتھ چھوٹا عمل بھی بہت بڑی نیکی شمار ہوگا اور منافقت کی صورت میں ایک بڑا عمل بھی وبال ثابت ہو گا،

Q4. مقاصد تعلیم کو تعلیم کا سب سے اہم عنصر کیوں کہا جاتا ہے؟

Ans 1: نظام تعلیم کا سب سے اہم عنصر مقاصد تعلیم ہیں.تعلیم کے باقی تمام تعلیم کے باقی تمام عناصران ہی مقاصد کے حصول کے لئے کام کرتے ہیں،یہی مقاصد باقی تمام عناصر کو آپس میں مربوط اور ہم آہنگ کرتے ہیں.

Q5. تعلیم کے عمل سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تعلیم کے عمل میں وہ تمام معلومات و تجربات شامل ہیں جو بنی نوع انسان نے آغازانسانی سے آج تک تاریخ کے مختلف ادوار میں حاصل کیے،یہی تجربات اور مشاہدات نسل درنسل ہم تک پہنچتے ہیں اور ذخیرہ کی صور ت میں ہمارے پاس ہیں،

Q6. انٹرنیٹ کے دو فوائد لکھیں.

Ans 1: 1.انٹرنیٹ کے ذریعے ہر قسم کی معلوماتحاصل کی جا سکتی ہے. 2.اب دنیا کی بڑی بڑی لائبریروں سے انٹرنیٹ کے ذریعے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے.

Q7. پیشہ وارانہ تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرہ عمومی تعلیم کے ذریعے اپنی تہذیب و ثقافت اور اپنی اقدار و روایات نسل نو تک منتقل کرتاہے لیکن تمدنی ضروریات کی تکمیل اس سے ممکن نہیں ہوتی لہذا وہ زندگی کے مختلف شعبوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے پیشہ وارانہ تعلیم کا اہتمام کرتا ہے.

Q8. عام تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسی تعلیم جس کا اہتمام سکول،کالجوں اور دوسرے تعلیمی اداروں میں کیا جاتا ہے،عام تعلیم کہلاتی ہے.

Q9. قانون کی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرے میں امن و امان قائم کرنے اور عام افراد کو عدل انصاف فراہم کرنے کے لئے قانون کی تعلیم کا اہتمام کیا گیا،مختلف یونیورسٹیاں قانون کی تعلیم کا اہتمام کرتی ہیں.

Q10. ثانوی تعلیم یا سیکنڈری تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: دسویں جماعت تک تعلیم کو ثانوی اور بارہویں جماعت تک تعلیم کو اعلٰی ثانوی یا ہائیر سیکنڈری ایجوکیشن کہتے ہیں.